Urdu - 10th Class Urdu Chapter 17 Preparation

Q1. گردوں پر گرمی نےکیا اثر ڈالا.

Ans 1: ایسا لگ رہا تھا جیسا کہ زمین کے بخار سے گردوں کو بھی تپ چڑھی ہو.

Q2. میرانیس کی کون سی نظم شامل نصاب ہے

Ans 1: میرانیس کی شامل نصاب نظم کا نام میدان کربلا میں گرمی کی شدت ہے

Q3. اشجار پر گل اور سبزہ کیوں نہ تھا.

Ans 1: گرمی کی شدت کے باعث درختوں کا سبزہ اور پھل پھول سوکھ گئے تھے.

Q4. ہیئت کے اعتبار سے نظم میدان کربلا میں گرمی کی شدت کو کیا کہیں گے

Ans 1: ہییت کے اعتبار نظم میدان کر بلا میں گرمی کی شدت مسدس ہے مسدس ایسی نظم کو کہتے ہیں جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں

Q5. دریائے فرات کا پانی کیسا تھا.

Ans 1: دریائے فرات کا پانی گرمی کی شدت سے کھول رہا تھا جیسے کہ آگ ابل رہا ہو.

Q6. شاعر نے کن الفاظ کے ساتھ گرمی سے پناہ مانگی ہے.

Ans 1: شاعر نے گرمی سے پناہ مانگنے کے لیے "الحذر" اور "الامان" کے الفاظ استعمال کیے ہیں.

Q7. دوسرے بند میں نہر کے"لب" سے کیا مراد ہے.

Ans 1: دوسرے بند میں نہر کے "لب" سے مراد ہے نہر کے کنارے

Q8. آپ کے نصاب میں میر انیس کی کون سی نظم اور ان کی کس کتاب سے لی گئی ہے.

Ans 1: ہمارے نصاب میں میر انیس کی نظم"میدان کربلا میں گرمی کی شدت" ہے جو ان کی کتاب "کلیات انیس " سے لی گئی ہے.

Q9. میر انیس نے پہلے بند میں زبان کو کس چیز سے تشبہ دی ہے.

Ans 1: میر انیس نے پہلے بند میں زبان کو شمع سے تشبہ دی ہے.

Q10. میرانیس کا اصل نام کیا تھا اور ان کی وجہ شہرت کیا تھی

Ans 1: میرانیس کا اصل نام سید ہر علی اور تخلص انیس تھا اور آپکی وجہ شہرت مرثیہ نگاری ہے